13/06/2025

07.4O PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ بسارت گُل سے خبریں سُنئیے

پہلے اہم خبروں کی سُرخیوں پر ایک نظر۔

ہیڈ لائنز

*........وزیر اعظم نے گجرات کا دورہ کر کے کل ہوائی جہاز حادثے میں زخمی ہوئے افراد کی عیادت کی// اعلیٰ سطحی میٹنگ کے دوران صورتحال کا لیا جائزہ۔

*........ بھارت نے ایران اوراسرائیل کے درمیان تازہ کشیدگی کو ختم کرنے کےلئے مذاکرات اور سفارت کاری کو بروئے کار لانے کی تلقین کی۔

*........متعدد وفود اور شخصیات رابطہ دفتر سرینگر میں وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ سے ملاقی// وزیر اعلیٰ کی تمام مسائل کو تیز تر بنیادوں پر حل کرانے کی یقین دہانی۔

اور

*........جمونو کشمیر میں وِکست کرشی سنکلپ ابھیان کل ہو رہا ہے اختتام پذیر۔

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مو دی نے آج گجرات میں احمد آباد سیول اسپتال کا دورہ کر کے کل ائر انڈیا کے جہاز کو پیش آئے حادثے کے دوران زخمی ہوئے افراد کی عیادت کی ۔ اس حادثے میں 241 افراد جاں بحق ہوئے تھے۔ بعد میں ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعظم نے سوگوار کنبوں کے ساتھ تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کر تے ہوئے کہا کہ حکومت متاثرین کے درد کو سمجھتی ہے۔ وزیر اعظم نے جائے حادثہ کا بھی دورہ کیا۔ بعد میں احمد آباد میں وزیر اعظم کی صدارت میں ایک جائزہ میٹنگ بھی منعقد ہوئی۔

PMتعزیت

وزیر اعظم نریندر مو دی نے کل جہاز کے حادثے میں گجرات کے سابق وزیر اعلیٰ وجے روپانی کے از جان ہونے پر رنج و الم کا اظہار کیا ہے۔ ایک سو شل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعظم نے کہا کہ انہوںنے وجے روپانی کے ساتھ مشکل وقت میں بھی شانہ بہ شانہ کام کیا۔

تحقیقات

شہری ہوابازی کے وزیررام موہن نائیڈو نے کہاہے کہ احمد آباد میں پیش آئے حادثے کی تحقیقات ائر کرافٹ ایکسیڈنٹ انوسٹگیشن بیورو کے ذریعے سے کرائی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت معاملے کی تفصیل سے جانچ کرنے کےلئے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے ماہرین کی ایک اعلیٰ سطحی کمیٹی تشکیل دے رہی ہے۔

عمر گجرات

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کل گجرات میں پیش آئے حادثے پر دکھ کا اظہار کیا ہے۔ انہوننے متاثرین کے ساتھ یکجہتی ظاہر کر تے ہوئے زخمیوں کی فوری صحت یا بی کےلئے دعا کی۔ سرینگر میں میڈیا کے ساتھ بات کر تے ہوئے انہوننے کہا۔

فاروق تعزیت

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے ہوائی جہاز کے حادثے کے دوران ہوئے جانی نقصان پر دکھ اور صدمے کا اظہار کرتے ہوئے سوگوار کنبوں کے ساتھ تعزیت کی ہے۔

LG

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے آج انتظامیہ کے اعلیٰ افسروں کے ساتھ ایک میٹنگ میں شری امر ناتھ جی یاترا کےلئے کی گئی تیاریوں کا جائزہ لیا۔ ایل جی نے یاتریوں کو تمام تر سہولیات دستیاب رکھنے کی ہدایت دی۔

اسرائیل۔ ایران

اسرائیل کی فضائی فوج نے کل رات ایران پر اب تک کے سب سے شدید فضائی حملے کئے ۔ ان حملوں میں ایران کے ایٹمی پروگرام اور اعلیٰ فوجی لیڈروں کو نشانہ بنایا گیا ہے۔ اسرائیل کے وزیر اعظم بنیامن نتن یاہو نے کہا ہے کہ اس طرح کے حملے کئی دن تک کئے جا تے رہیں گے۔

کشیدگی

بھارت نے ایران اور اسرائیل کے درمیان تازہ کشیدگی پر تشویش ظاہر کی ہے اور دونوں ملکوں سے زور دے کر کہا ہے کہ وہ کسی بھی اشتعال انگیز قدم سے گریز کریں۔ بھارت نے ایران اور اسرائیل سے کہا ہے کہ وہ کشیدگی کو ختم کرنے اور اہم معاملات کو حل کرنے کےلئے، مذاکرات اور سفارت کے دستیاب ذرائع کا استعمال کریں۔

وزارت خارجہ نے کہا کہ بھارت، نیوکلیائی مقامات پر حملہ کئے جانے سے متعلق خبروں سمیت، تیزی سے بدلتی ہوئی صورتحال پر قریبی نظر رکھ رہا ہے۔

ایڈوائزری

اسرائیل اور ایران میں بھارت کے سفارت خانوں نے ہندوستانی پاشندوں کےلئے ہدایات جا ری کی ہیں کہ وہ چوکس رہیں اور حفاظتی ضابطوں پر عمل کریں۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر بھارت کے سفارتخانے نے دونوں ملکوں میں ہندوستانی باشندوں پر زور دیا ہے کہ وہ انتہائی احتیاط سے کام لیں۔

عمر ردعمل

دریں اثناءوزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے ایران پر اسرائیلی حملوں کی سخت مذمت کی ہے۔ ذرائع ابلاغ کے ساتھ بات کر تے ہوئے انہوننے اپنا رد عمل یوں ظاہر کیا۔

عمر ایران

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے مرکزی وزارت خارجہ سے اپیل کی ہے کہ وہ ایران میں موجود کشمیری طلباءکی سلامتی کو یقینی بنائیں۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیراعلیٰ نے کہا کہ ان طلباءکے افراد خانہ کا فی فکر مند ہیں۔ انہوننے کہا کہ مشکل وقت میں حکومت انکے ساتھ ہے۔عمر عبداللہ نے کہا کہ ایران میں زیر تعلیم کشمیری طلباءکے تحفظ کےلئے ہر ممکن اقدامات کئے جانے چاہئیں۔

فاروق ۔ ایران

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے ایران پر اسرائیلی حملے کو اسرائیل کی جارحیت قرار دیتے ہوئے اسکی سخت الفاظ میں مذمت کی ہے۔ انہوننے عالمی برادری پر زور دیا ہے کہ وہ اسطرح کے حملوں کو روکنے کے لئے اقدامات کریں۔

محبوبہ مفتی

دریں اثناءپی ڈی پی صدر محبوبہ مفتی نے بھی ایران پر اسرائیل کے حملوں کو قابل مذمت قرار دیا ہے۔ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے ان حملوں پر بقول انکے عالمی برادری کی خاموشی پر افسوس کا اظہار کیا۔

CM

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے سرینگر میں انکے رابطہ دفتر پر متعدد وفود اور شخصیات سے ملاقات کی۔ اس دوران وفودنے عوامی نوعیت کے کئی معاملات کو اُجاگر کرنے کے ساتھ ساتھ مسائل کو بھی وزیر اعلیٰ کی نوٹس میں لایا ۔ وزیر اعلیٰ نے وفود کے مسائل غور سے سنے اور انہیں یقین دلایا کہ تمام جائز معاملات کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا۔

IITعمر

جموں کے ڈائریکٹر منوج ایس گور نے آج سرینگر میں وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کے ساتھ ملاقات کی جس دوران IIT انہوننے جموںو کشمیر میں تدریسی اشتراک کو یقینی بنانے ، اختراعیت اور ہنر مندی کو فروغ دینے نیز یہاں کے نوجوانوں کےلئے مناسب مواقعے پیدا کرنے سے جڑے امور پر تفصیل سے تبادلہ خیال کیا۔

سکینہ ایتو

سماجی بہبود کی وزیر سکینہ ایتو نے آج سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران مختلف مرکزی معاوت والی سکیموں کے تحت فوائد کی وقت پر واگذاری سے جڑے معاملات پر تبادلہ خیال کیا۔ انہوننے متعلقہ افسروں پر زور دیاکہ وہ اہل مستحقین کے حق میں وقت پر سکیموں کی رقومات واگذار کریں تاکہ اقتصادی طور کمزور طبقوں کو دقتوں کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

درخشاں

جموںو کشمیر وقف بورڈ کی چیر پر سن اور بی جے پی کی سینئر لیڈر ڈاکٹر سید درخشاں اندرابی نے آج سرینگر میں بجلی اور شہری ترقی کے مرکزی وزیر منوہر لال کھٹر کے ساتھ ملاقات کی اور انکے ساتھ عوامی نوعیت کے متعدد معاملات پر تبادلہ خیال کیا۔

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سماعت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبریںآپ آکاشوانی کی موبائیل اپلیکشن نیوز آن

کرشی سنکلپ

جمونو کشمیر مینوکست کرشی سنکلپ ابھیان اپنے عروج پر پہنچ گیا ہے اور یوٹی میں یہ ابھیان کل اختتام پذیر ہو گا۔شیرکشمیر یونیورسٹی آف ایگریکلچرل سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی کشمیر کے وائس چانسلر پروفیسر نذیر احمد گنائی نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

بین الاقوامی دن

آج Albinism بیماری سے متعلق بیداری پیدا کرنے کا عالمی دن ہے۔ آج کے دن اس بیماری سے بچنے کےلئے احتیاطی تدابیر کو اُجاگر کیا جاتا ہے۔ یہ بیماری عام طور سے انسان کی جِلد پر نمودار ہو تی ہے۔ گورنمنٹ میڈیکل کالج سرینگر میں ڈرموٹولوجی، ونیرولوجی اور لیپریسی شعبے کی پروفیسر اور سربراہ ڈاکٹر یا سمین جبین نے اس بیماری کے مختلف پہلوؤں کے تعلق سے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

یو گا دن

یو گا کے بین الاقوامی دن میں اب8دن باقی رہ گئے ہیں اور اس دن کو بڑے پیمانے پر منانے کےلئے ملک بھر میں تیاریاں کی جا رہی ہیں۔ اس سال اس دن کا موضوع ہے Yoga for one Earth, one Health ۔ یو گا کی اہمیت کے بارے میں کشمیر میں آرٹ آف لِونگ ادارے کی ریجنل ڈائریکٹر وندنا دفتری نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

یو گا وزیر

آیوش کے مرکزی وزیر پرتاپ راؤ جادھو نے انسانی بہبود کو یقینی بنانے میں یوگا کے رول کو اُجاگر کیا ہے۔ آکاشوانی نیوز کے ساتھ بات کر تے ہوئے انہوننے کہا کہ یو گا کو عام کرنے کےلئے مرکزی سرکار کی طرف سے کئی اختراعی اقدامات کئے جا رہے ہیں۔

اطلاع

یو گا کی اہمیت کے بارے میں آکاشوانی نیوز سرینگر کا تیار کردہ ایک خصوصی پروگرام کل رات ساڑھے 8بجے آکاشوانی سرینگر سے نشر ہو گا۔ پروگرام کے مہمان ہیں معروف یو گا تھرپسٹ اور یو گا سوسائٹی آف کشمیر کے بانی ڈائریکٹر شبیر احمد ڈار انکے ساتھ ہمکلام ہونگے آکاشوانی نیوز سرینگر کے سربراہ طارق راتھر۔

نشہ مکت ابھیان

نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے ملک بھر میں ہر سطح پر کوششیں جاری ہیں۔وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

جموں کشمیر میں نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے لازمی اقدامات کے بارے میں ایک ٹی وی، ریڈیو اور سٹیج اداکارجاوید احمد خان نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا ۔

ریلی

وادی میں امن اور آپسی رواداری کے جذبے کو فروغ دینے نیز سیاحتی سرگرمیوں کو دوام بخشنے کی غرض سے کیرالا سے تعلق رکھنے والے26 بائیکرس کا ایک گروپ ان دنوں وادی کی سیر پر ہے۔آج یہ گروپ کپواڑہ ضلعے کے ٹیٹوال علاقے میں لائن آف کنٹرول پر تاریخی شاردا مندر پہنچ گیا۔ ہمارے کپوارہ کے نمائندے رفیق احمد کے ساتھ بات کر تے ہوئے ریلی کے کئی شرکاءنے اپنے تاثرات کا یوں اظہار کیا۔

کر گل خراج

1999کے کر گل جنگ کے دوران Tololing پر اپنی جانوں کے قربانیاں پیش کرنے والے فوجیوں کو خراج عقیدت ادا کرنے کےلئے بھارتی فوج نے گذشتہ روز Tololing تک ایک ایکسپڈشن کا اہتمام کیا۔ اس ایکسپڈشن کو دراس کر گل وار میموریل سے جھنڈی دکھا کر روانہ کیا گیا۔

فوجی مشق

بھارت اور منگولیا کے درمیان ہوئی مشترکہ فوجی
مشق

---

©"NOMADIC ELEPHANT" کے 17ویں شمارے کی اختتام پذیر ہوئی ہے۔ منگولیا میں منعقد ہوئی اس فوجی مشق کے اختتامی تقریب میں وزارت دفاع کے سیکریٹری راجیش کمار سنگھ اور فوج کی آپریشنل لاجسٹکس اینڈ سٹریٹجک مومنٹ کے ڈائریکٹر جنرل ، لیفٹنٹ جنرل پشپندر سنگھ نے شرکت کی۔

DGP

ڈائریکٹر جنرل پولیس نلن پربھات نے سرینگر میں ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کے دوران آنے والی شری امر نا تھ جی یاترا کےلئے مامور کی جانے والی حفاظتی عملے کی کمپنیوں کےلئے انتظامی اور دیگر تیاریوں کا جائزہ لیا۔

CAPF کمپنیوں کی بلا رُکاوٹ تعیناتی کو یقینی بنانے کےلئے ہدایات جا ری کیں۔ انہوںنے کہا ڈائریکٹر جنرل پولیس نے کہ ان یونٹوں کےلئے مختلف ضلعوں میں انتظامات کئے جانے چاہئے ۔ میٹنگ میں شری امرناتھ جی یاترا کے احسن انعقاد کےلئے باہمی تال میل کو یقینی بنانے کا عزم دوہریا گیا۔

ساگر

نیشنل کانفرنس کے جنرل سیکریٹری علی محمد ساگر نے خلیفہ سوم امیر المومنین سیدنا حضرت عثمان غنی ؓ کے عرس مبارک کے ساتھ ساتھ خواجہ حبیب اللہ نوشہری ؒ کے عرس کے سلسلے میں زائرین کےلئے تمام انتظامات مکمل کرنے کی انتظامیہ سے اپیل کی ہے۔

کانگریس

پردیش کانگریس کمیٹی نے الزام عائد کیا ہے کہ جموں خطے میں پانی اور بجلی کی قلت سے عام لوگ مشکلات میں مبتلا ہو گئے ہیں۔ پارٹی کے ترجمان اعلیٰ رویندر شرما نے ایک بیان میں کہا ہے کہ جموں خطے میں پڑ رہی سخت گرمی کو مد نظر رکھتے ہوئے عوام کی راحت رسانی کےلئے ضروری اقدامات کئے جانے چاہئیں۔

BJP

بھارتیہ جنتا پارٹی یووا مورچہ نے نائب تحصیلدار اسامیوں کےلئے اُردو کو لازمی قرار دینے کے سرکار کے فیصلے کی مخالفت کی ہے۔ مورچہ نے اس سلسلے میں آج جموں یونیورسٹی سے بی آر امبیڈ کر چوک تک ایک احتجاجی جلوس نکالا۔

ACB

جمونو کشمیر اینٹی کورپشن بیورو نے پونچھ ضلعے کے حلقہ دھارا تحصیل منڈی کے پٹواری محمد جمیل کو5ہزار روپے کی رشوت لیتے ہوئے گرفتار کیا گیا ہے۔

مو سم

محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے24گھنٹوں کے دوران موسم عام طور پر خشک اور گرم رہنے کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 32اعشاریہ4ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 19ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 43اعشاریہ6ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 31ڈگری سیلسیس تھا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر19 منٹ پر اور

غروب آفتاب شام7بجکر44منٹ پر ہو گا۔

اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔

خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے

کل صبح7بجکر45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا۔

ہمیں دیجئے اجازت//خدا حافظ

.........................................................

.............................

................